Computer Science - 10th Class Computer Science Urdu Medium Chapter 5 Preparation

Q1. فنکشن ہیڈر سےکیا مرادہے.

Ans 1: فنکشن ڈیفائن کی پہلی لائن فنکشن ہیڈر کہتے ہیں. فنکشن ہیڈر فنکشن سگنیچر کی طرح ہوتا ہے۔مگر فنکشن سگنیچر کے آخر میں سیمی کولن لگاتے ہیں. جب کہ فنکشن ہیڈر کے آخر میں سیمی کولن نہیں لگاتے

Q2. کاموں کو الگ کرنے سے کیا مراد ہے.

Ans 1: فنکشن کے زریعے ہم ایک کام مرنے کے کوڈ کو دوسرے کام کے کوڈ سے الگ کرسکتے ہیں. اگر ہمیں ایک فنکشن میں مسئلہ ہو تع اسے حل کرنے کے لیے پورے پروگرام کو چیک نہیں کرنا پڑتا. ہمیں صرف ایک فنکشن پر غور کرنا ہوتا ہے.

Q3. ہم ایک پروگرام کی پڑھنے کی صلاحیت کو کیسے بڑھاسکتے ہیں.

Ans 1: پروگرام کو کئی فنکشنز میں تقسیم کرنے سے اس کو پڑھنا زیادہ آسان ہوجاتا ہے.

Q4. یوزر ڈیفائن فنکشن کی تعریف کریں.

Ans 1: پروگرامر جو فنکشنز خود ڈیفائن کرتا ہے وہ یوزر ڈیفائنڈ فنکشنز کہلاتے ہیں. یوزر ڈیفائن فنکشن کسی مسئلے کو حل کرنے کےلیے لکھا جاتاہے.

Q5. فنکشن کے ریٹرن ٹائپ کی تعریف کریں.

Ans 1: فنکشن کا آؤٹ پٹ اس کی ریٹرن والیو کہلاتی ہے. ریٹرن ٹائپ سے مراد ڈیٹا کی وہ ٹائپ ہے جو کہ فنکشن نے ریٹرن کرنی ہے.

Q6. فنکشن کا ان پٹ اور آؤٹ پٹ بیان کریں.

Ans 1: فنکشن سٹیٹیمنٹس کا ایک بلاک ہے جو ایک خاص کام انجام دیتا ہے. ایک فنکشن جو کچھ ان پٹ حاصل کرتا ہے اور کچھ آؤٹ پٹ فراہم کرتا ہے ایک فنکشن کے لیے ان پٹ اس فنکشن کے پیرامیٹر کہلاتے ہیں. اور فنکشن کی آؤٹ پٹ اس کی ریٹرن والیو کہلاتی ہے.

Q7. فنکشن باڈی کی تعریف بیان کریں.

Ans 1: فنکشن باڈی ان سٹیٹمنٹس کا سیٹ ہوتا ہے جنہیں چلاکر فنکشن مخصوص کام سر انجام دیتا ہے.

Q8. ریٹرن سٹیٹمنٹس کیا ہے.

Ans 1: فنکشن کا ریٹرن ٹائپ اس قیمت کی ڈیٹا ٹائپ ہوتی ہے جو فنکشن ریٹرن کرتا ہے. اس کے لیے کی ورڈ ریٹرن کا استعمال کیا جاتا ہے

Q9. فنکشن پیرامیٹرز سے کیا مراد ہے.

Ans 1: پیرامیٹرز مختلف ڈیٹا ٹائپس کے متغیرات ہوتے ہیں. جن میں فنکشن کو بطور ان پٹ پاس کی گئی قیمتیں رکھی جاتی ہیں.

Q10. پیرامیٹرز کیا ہیں.

Ans 1: پیرامیٹرز مختلف ڈیٹا ٹائپس کے متغیرات ہوتے ہیں جن میں فنکشن کو بطور ان پٹ پاس کی گئی قیمتیں رکھی جاتی ہیں، پیرامیٹرز.
